Roll No:________________ Name:______________________________ Section:____________________

اردو | **اطلاقی گرامر: فاعل** | جماعت: دوم

پیارے بچو! آپ جانتے ہیں کہ کام کرنے والے کو فاعل کہتے ہیں۔


مثلاً

بچے وقت پر سکول جاتے ہیں۔ احمد راولپنڈی میں رہتا تھا۔ آمنہ نماز پڑھے گی۔

اوپر دیے گئے جملوں میں بچے، احمد اور آمنہ فاعل ہیں۔

1۔ **درست فاعل لگاتے ہوئے جملے مکمل کیجیے۔**

احمد ، فاطمہ اور امی ، بچے ، آمنہ





i. ______________ کھانا پکا رہی ہیں۔

ii. ______________ گاڑی چلا رہا ہے۔





iii. ______________ سائیکل پر بازار جا رہے ہیں۔

iv. ______________ سیب کھا رہی ہے۔

2۔ دیے گئے فاعل درست فعل سے ملاتے ہوئے جملے بنائیے۔

| فاعل | | فعل |
|---|---|---|
| لڑکیاں | | پڑھ رہے ہیں۔ |
| داداجان | | کھیل رہی ہیں۔ |
| احمد | | جا رہی ہے۔ |
| فاطمہ | | ہنس رہا ہے۔ |
| سورج | | چمک رہا ہے۔ |

LIVEWORKSHEETS